# 14-12-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔لوک سبھا میں دستور ہند کے 75 برس کے شاندار سفر پر خصوصی مباحث ہوئے۔

۲۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے رنگا ریڈی ضلع کے چلکور میں گروکل اسکول کا دورہ کیا اور وہاں گروکل اداروں اور فلاحی ہاسٹل میں کامن ڈائٹ (مشترکہ خوراکی نظام) کا افتتاح کیا۔

۳۔ وزیر صحت سی داموودر راج نرسمہا نے کنٹریکٹ این ای ایمز کو مستقل عملے کی تقرری کے بعد ملازمت کی سلامتی کی یقین دہانی کرائی۔

۴۔ چیف آف ایر اسٹاف ایر مارشل امبر پریت سنگھ نے فضائیہ میں شمولیت اختیار کرنے والے نئے عہدیداروں کو مستقبل کے قائدین اور کمانڈرس سے تعبیر کیا۔

OO

ساؤتھ سنٹرل ریلوے کی جانب سے سبری ملا اسپیشل ٹرینیں چلائی جارہی ہیں۔یہ ٹرینیں مختلف اہم یاتری کے مقامات کا دوران سفر احاطہ کررہی ہیں۔تلنگانہ اور آندھرا پردیش سے سبری ملا جانے والے یاتریوں کیلئے یہ ٹرینیں چلائی جارہی ہیں۔ساؤتھ سنٹرل ریلوے نے اپنے پریس ریلیز میں کہا کہ یہ خصوصی ٹرینیں دوران سفر اہم منادر تک جانے میں یاتریوں کیلئے کافی فائدہ مند ثابت ہوں گی۔

OO

قومی ایوارڈ یافتہ اداکار الو ارجن جن کو ان کی فلم پشپا2 کے پریمیر کے دوران شہر حیدرآباد کی ایک تھیٹر میں پیش آئے بھگدڑ کے واقعہ میں ایک خاتون کی موت کے سلسلہ میں گذشتہ روز گرفتار کیا گیا تھا کو ہفتہ کی صبح چنچل گوڑہ جیل سے رہا کردیا گیا۔اپنی رہائی کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے اداکار نے کہا کہ وہ "بالکل ٹھیک ہیں"،ان کے مداح پریشان نہ ہوں۔انہوں نے کہا ''میں قانون کا احترام کرتا ہوں اور کیس پر تبصرہ نہیں کروں گا کیونکہ یہ عدالت میں ہے''۔الو ارجن نے اس واقعہ میں ہلاک خاتون ریوتی کے ارکان خاندان سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے بھگدڑ کے واقعہ کو انتہائی افسوسناک اور بدقسمتی پر مبنی قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ بالکل غیر ارادی تھا۔جو کچھ بھی ہوا ہے اس پر انہیں بہت افسوس ہے۔انہوں نے ہر ایک کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے مشکل مرحلے میں ان کا ساتھ دیا۔

OO

لوک سبھا میں دستور ہند کے 75 برس کے شاندار سفر پر خصوصی مباحث ہوئے۔ وزیر پارلیمانی امور کرن ریجو جو نے دستور سازی پر ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی ستائش کی۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم مودی سب کا ساتھ، سب کا وکاس، سب کا وشواس اور سب کا پریاس کے منتر کے ساتھ دستور کے جذبہ کے تحت کام کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک نے آزادی کے بعد تمام کیلئے مساوی حقوق کو یقینی بنایا ہے۔انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ ملک کی اقلیتوں کے ساتھ کوئی امتیاز نہیں کیا جارہا ہے۔ملک کی اقلیتوں کو قانونی تحفظ حاصل ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک کے 6 اقلیتی طبقات کی بہبود کیلئے بیشتر اسکیمات پر عمل کیا جارہا ہے۔1947 سے 2014 تک شمال مشرقی علاقہ میں 9 ایرپورٹس تعمیر کئے گئے تھے تاہم اس تعداد کو بڑھا کر 17 کردیا گیا۔اسی طرح سال 2014 تک تقریبا 11 ہزار کیلومیٹر کی قومی شاہراہیں تعمیر کی گئی تھیں تاہم گذشتہ دس برسوں میں 16 ہزار کلومیٹر کی قومی شاہراہوں کی تعمیر عمل میں لائی گئی۔

OO

وزیراعلی ریونت ریڈی، ریاستی وزرا نے شخصی طور پر گروکل اور اقامتی اسکولس و ہاسٹلس کا دورہ کرتے ہوئے حالات کا جائزہ لیا۔ وہاں انہوں نے طلبہ کے ساتھ لنچ کیا اور ان سے تفصیلات حاصل کیں۔ وزیراعلی ریونت ریڈی نے زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ گروکل تعلیمی اداروں کو کئی جہتی صلاحیتوں کے مراکز کے طور پر تسلیم کرانے کا ہدف ہونا چاہیئے۔ انہوں نے رنگا ریڈی ضلع کے چلکور میں گروکل اسکول کا دورہ کیا اور وہاں گروکل اداروں اور فلاحی ہاسٹل میں کامن ڈائٹ (مشترکہ خوراکی نظام) کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ بی سی، ایس سی، ایس ٹی اور اقلیتی گروکل اداروں اور ہاسٹلس میں ایک جیسا مینو نافذ کیا جارہا ہے۔ ریاستی حکومت نے ڈائٹ چارجس میں اضافہ کے مطابق نیا مینو تیار کیا ہے۔ اس موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ گروکل اداروں کا نظام پی وی نرسمہاراؤ کے دور میں شروع کیا گیا تھا۔ انہوں نے حالیہ دنوں میں ڈائٹ چارجس میں اضافہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے گروکل اداروں کی بقا کے لیے اس پروگرام کو کافی اہمیت دی ہے۔ ان اداروں کے طلبہ کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لئے کئے جانے والے اقدامات مؤثر ہیں۔ وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ تلنگانہ پبلک سرویس کمیشن کے صدرنشین بی وینکٹیشم اور سابق ڈی جی پی مہندر ریڈی بھی ایک وقت میں گروکل کے طلبہ تھے۔ ان اداروں سے تعلیم حاصل کرکے کئی افراد اعلیٰ منصب تک پہنچے۔ پرائیویٹ اسکولوں کے آغاز کے بعد ان اداروں کی اہمیت میں کمی آئی، لیکن حکومت ان کی بحالی کے لئے مخلص ہے۔ گذشتہ 10 سالوں میں برسر اقتدار حکومت نے ڈائٹ چارجس نہیں بڑھائے تھے، لیکن ہماری حکومت نے اقتدار میں آنے کے بعد انہیں 40 فیصد تک بڑھایا ہے۔ 16 سالوں میں کاسمیٹک چارجس میں اضافہ نہیں ہوا تھا، لیکن ہم نے انہیں 200 فیصد تک بڑھایا ہے۔ یہ ایک تاریخی قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ مالی مسائل کے باعث والدین اپنے بچوں کو ہاسٹلوں میں بھیجتے ہیں۔ والدین ہمیں اعتماد کے ساتھ بچوں کو سونپتے ہیں۔ طلبہ کی اموات پر حکومت اور عملے کو خود احتسابی کرنی ہوگی اور ایسی ناگہانی صورتحال کو دوبارہ ہونے سے روکنے کے اقدامات کرنے ہوں گے۔ ہر مہینے کی 10 تاریخ تک تمام تعلیمی اداروں کو گرین چینل کے ذریعہ فنڈز فراہم کئے جائیں گے۔ ریاست بھر میں وزراء نے مختلف گروکل اداروں کا دورہ کیا۔ کھمم ضلع کے بونکل اسکول میں کامن ڈائٹ مینو کا افتتاح نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرم مارکا نے کیا۔ وزیر پونم پربھاکر نے شیخ پیٹ گروکل اسکول کا دورہ کیا اور کلاس رومس میں ڈیجیٹل بورڈ کے کام کا جائزہ لیا۔ وزیر اُتم کمار ریڈی نے سکندرآباد کے مہندرا ہلز گروکل اسکول میں طلبہ کے ساتھ کھانا کھایا اور تعلیمی مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔ بھدرادری ضلع کے دماپیٹ منڈل کے گنڈوگلاپلی میں وزیر ناگیشور راؤ نے گروکل اسکول کا معائنہ کیا اور ایکلویا اسکول کے طلبہ کے ساتھ ناشتہ کیا۔ کھمم ضلع کے ترومالایاپالم منڈل کے مادری پور میں وزیر پی سرینواس ریڈی نے سرکاری رہائشی ہاسٹل کا معائنہ کیا۔

OO

پروگرام کے حصہ کے طور پر کمشنر پولیس حیدرآباد سی وی آنند نے باغ لنگم پلی کے اقلیتی اقامتی گرلز اسکول مشیرآباد کا معائنہ کیا۔ انہوں نے یہاں طالبات کو درپیش مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور ان کے لئے دستیاب سہولتوں کے بارے میں تفصیلات حاصل کیں۔ انہوں نے طالبات کو فراہم کئے جانے والے ناشتہ، دوپہر کے اسناکس اور شام کے کھانے کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے طالبات کو فراہم کی جانے والی غذا کے اقسام کے بارے میں بھی پوچھا۔ اس موقع پر پرنسپل وانی شری، ڈپٹی ڈائرکٹر سوشیل ویلفیر ڈپارٹمنٹ ڈاکٹر چلا دیوی بھی موجود تھے۔

○○

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ان کی حکومت مادیگا طبقہ سے ناانصافی نہیں کرے گی اور اس بات کو یقینی بنائے گی کہ اس طبقہ کو اس کے جائز حصہ حاصل ہو۔ انہوں نے حیدرآباد میں گلوبل مادیگا ڈے تقاریب میں حصہ لیتے ہوئے کہا کہ اگرچہ کے اس کے لئے کچھ وقت لگے گا تاہم حکومت یقینی طور پر اس طبقہ سے انصاف کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت نے مادیگا سے انصاف کرنے کی وہ ذمہ داری لیتے ہیں۔ ایس سی زمرہ بندی کا مسئلہ، تلنگانہ کو ریاست کے درجہ کی طرح پیچیدہ ہوگیا ہے۔ تاہم انہوں نے کہا ہے کہ اس طبقہ کے عوام کے جذبات کا احترام کرتے ہوئے حکومت فیصلہ کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے وائس چانسلرس اور ایجوکیشن کمیشن کا رکن بناتے ہوئے مادیگا طبقہ کے لئے مواقع فراہم کئے ہیں۔

○○

تلنگانہ پبلک سروس کمیشن دو دنوں کے لئے گروپ 2 کے 783 عہدوں کو پر کرنے کے لئے امتحانات منعقد کرے گا۔ ریاست بھر میں 1368 امتحانی مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ یہ امتحان او ایم آر طریقہ کار کے مطابق منعقد ہوگا۔ یہ امتحان چار پرچوں پر مشتمل ہوگا۔ ہر پرچہ کے 150 نشانات ہوں گے اس طرح جملہ 600 نشانات ہوں گے۔

○○

شہر حیدرآباد کے ڈنڈیگل کی ایئر فورس اکیڈیمی میں 214 نمبر کورس کے کمبائنڈ گریجویشن پریڈ (سی جی پی) کے دوران ویپن سسٹم برانچ کے عہدیداروں کے پہلے بیچ (13) کو ہندوستانی فضائیہ میں شامل کیا گیا۔ 26 خواتین کے بشمول جملہ 204 فلائنگ کیڈٹس کو اکیڈیمی میں تربیت کے بعد آئی اے ایف کی فلائنگ اور گراؤنڈ ڈیوٹی برانچوں میں شامل کیا گیا۔ ہندوستانی بحریہ اور ہندوستانی کوسٹ گارڈ کے علاوہ دوست ملک ویتنام کے ایک عہدیدار بھی پریڈ کے دوران پاس آؤٹ ہوا۔ اس پاسنگ آوٹ پریڈ کا آئی اے ایف چیف اے پی سنگھ نے معائنہ کیا۔ فلائنگ آفیسر پراگ دھنکر کو پائلٹس کورس میں مجموعی طور پر میرٹ کے لحاظ سے پہلے نمبر پر آنے پر پریسیڈنٹ پلیک کے ساتھ ساتھ چیف آف دی ایئر اسٹاف سورڈ آف آنر سے نوازا گیا، جبکہ فلائنگ آفیسر رام پرساد گرجر کو پہلا مقام حاصل ہونے پر تقریب میں ایم کے آئی 30۔ ایس یو سوریا کرن ایروبیٹک ٹیم، آکاش گنگا، ایک اسکائی ڈائیونگ ٹیم، اور 'سارنگ' ہیلی کاپٹر ڈسپلے ٹیم کی جانب سے فضا میں کرتب بازی کی گئی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ایئر چیف مارشل اے پی سنگھ نے کہا کہ جنگ کے مسلسل بدلتے ہوئے طریقوں اور فضائیہ کی بڑھتی ہوئی ترجیحات کے تناظر میں وقتاً فوقتاً مہارت اور معلومات میں اضافہ کیا جانا چاہیے۔ پراگ دھنکر نے فلائٹ کیڈٹس کی جانب سے منعقدہ پریڈ کی قیادت کی۔ اکیڈیمی کے ڈائریکٹر نے تربیت مکمل کرنے والے فلائنگ آفیسرس کو حلف دلایا۔ انہوں نے نئے کمیشنڈ فلائنگ عہدیداروں پر زور دیا کہ وہ مستقبل کے لیڈر اور کمانڈر کے ساتھ ساتھ ہوائی جنگجو بنیں۔ انہوں نے کہا ''مستقبل کے لیڈر اور کمانڈر ہیں، آپ ہندوستانی فضائیہ کی تقدیر لکھیں گے۔ اس بڑی ذمہ داری کو آپ کو مایوس نہ ہونے دیں، بلکہ آپ کی زندگی میں ایک حوصلہ افزا عنصر بنیں''۔ سنگھ نے نوجوان عہدیداروں پر زور دیا کہ وہ ہندوستانی فضائیہ کے اخلاق، روایات اور توقیر کو برقرار رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ نئی نسل کے عہدیدار اس پر جوش اور ہمیشہ ترقی پذیر یڈومین کا حصہ ہوں گے۔ یہ کہتے ہوئے کہ کوئی بھی برانچ اور سروس تنہائی میں کام نہیں کرتی ہے، فضائیہ کے سربراہ چیف نے نوجوان عہدیداروں سے کہا کہ وہ ایک دوسرے سے سیکھنے کی کوشش کریں اور ایک دوسرے کا ساتھ دیں۔ چاہے آسمان میں ہو یا زمین پر، آپ میں سے ہر ایک کا آپریشن میں اہم کردار ہے۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ اپنے کردار اور کام کو اچھی طرح سے سمجھیں اور اپنی پوری کوشش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک بھرپور تجربات سے بھری زندگی کا آغاز ہے۔ آپ پر مسلسل دباؤ ڈالا جائے گا کہ آپ اپنے افق کو وسعت دیں، اپنی حدود میں اضافہ کریں، نئی مہارتیں اور صلاحیتیں دریافت کریں۔

○○

تلنگانہ کے وزیر صحت سی دامودر راج نرسمہا نے کنٹریکٹ آگزلری نرس مڈ وائفز (این ای ایمز) کو مستقل عملے کی تقرری کے بعد ملازمت کی سلامتی کی یقین دہانی کرائی۔ وزیر صحت نے این ای ایمز کے ساتھ ملازمتوں کی مستقل نوعیت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ معاملہ عدالتی جائزہ کے تحت ہے۔ انہوں نے تصدیق کی کہ مستقل این ای ایمز کے لیے تحریری امتحان شیڈول کے مطابق 29 دسمبر کو منعقد کیا جائے گا۔ انہوں نے این ای ایمز کی جانب سے عہدوں کی تعداد بڑھانے کے مطالبہ کا مثبت جواب دیتے ہوئے اعلان کیا کہ 1,931 عہدوں میں مزید 323 عہدوں کا اضافہ کیا جائے گا، جس سے جملہ عہدوں کی تعداد 2,254 ہو جائے گی۔ وزیر موصوف نے این ای ایمز کو یقین دہانی کروائی کہ جو افراد مستقل عہدے حاصل نہیں کر پائیں گے وہ اپنے معاہدہ کے تحت کام جاری رکھیں گے جب تک ان کی مدت مکمل نہیں ہو جاتی۔

○○